سوال

(317) موسیٰ علیہ السلام کا ملک الموت (فرشتے) کو تھپڑ مارنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک حدیث میں آتا ہے کہ سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے ملک الموت کو تھپڑ لگایا تھا۔ کیا یہ حدیث ہے؟ (عطاء اللہ مکوانی تھرپارکر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث صحیح ہے۔ صحیحین وغیرہما کتب حدیث میں موجود ہے۔ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو کتاب ہمام بن منبہ کو لکھائی اس میں بھی یہ حدیث موجود ہے۔ (ح59)

یہ واقعہ موت کے ایک فرشتہ جو موسیٰ علیہ السلام کے پاس انسانی شکل میں بلا اطلاع آئے تھے کہ ساتھ رونما ہوا۔ نیز دیکھئے میری کتاب: صحیح بخاری پر اعتراضات کا علمی جائزہ (ص31-33)(شہادت، اکتوبر1999ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔ اصول، تخریج اور تحقیقِ روایات- صفحہ596

محدث فتویٰ